# حیسکو پریس ریلیز مورخہ :23.11.2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوری کی روک تھام کیلئے بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی جارہی ہے۔اور بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔آپریشن سب ڈویژنوں رضوی اور لطیف آباد میں 365 میٹر سیکیور کیئے گئے اور کارروائیوں میں چیکنگ کے دوران بجلی چوروں کے 198 کنکشن منقطع کردیئے،نادہندگان کے 74 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد (      ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوری کی روک تھام کیلئے کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے سپرنٹینڈنگ انجینیئر آپریشن سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن کی ہدایات پر ایگزیکٹو انجینیئر لطیف آباد ظفر سولنگی کی سربراہی میں سب ڈویژنوں لطیف آباد اور رضوی ہسپتال کے علاقوں میں بجلی چوری کی روک تھام کیلئے میٹروں کی سیکیورنگ کرتے ہوئے 365 میٹروں کی سیکیورنگ کی گئی ، اس کے علاوہ چیکنگ کے دوران 198 غیر قانونی کنڈہ کنکشن بھی موقع پر منقطع کردیئے گئے ہیں،اور نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 35 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔تفصیلات کے مطابق آپریشن سب ڈویژن لطیف آباد میں چیکنگ کے دوران 97 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں اور 175 بجلی کے کنکشنوں کی سیکیورنگ کی گئی۔مزید برآں آپریشن سب ڈویژن رضوی ہسپتال میں بجلی چوری کے خاتمے کیلئے میٹر سیکیورنگ کرتے ہوئے مین روڈ 12 نمبر لطیف آباد کے علاقوں میں 190 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی گئی حیسکو کی خصوصی ریکوری ٹیم نے چیکنگ کے دوران 103 کنڈہ کنکشن منقطع کرکے بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں ، اور نادہندگان کے واجبات جمع نہ کروانے پر 39 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں ۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے ، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں ،واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔آپ کے تعاون کا متمنی۔حیسکو



حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر بجلی چوری کی روک تھام کیلئے بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی جارہی ہے ساتھ بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں